# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 28 April-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: 28/اپریل ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

**سب سے پہلے پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کی تشہیری مہم عروج پر۔

بی جے پی رہنما وزیر اعظم نریندر مودی کا کولہا پور میں، کانگریس قائد پرینکا گاندھی کا اودگیر میں انتخابی جلسوں سے خطاب۔

☆ بزرگ ماہر قانون اجول نکم شمال وسطی ممبئی سے بی جے پی امیدوار نامزد۔

☆ پیاز کی برآمد پر عائد پابندی میں مرکزی حکومت کی جانب سے جزوی رعایت۔

☆ نظام عدل کی توقعات پر پورا اترنے کے پابند رہیں۔ عدالت عظمیٰ کے جسٹس پرسنّ وراڑے کی ترغیب۔

اور۔۔۔☆ تیر اندازی عالمی کپ مقابلوں میں اٹلی کو شکست دیکر ہندوستانی خواتین کی ٹیم کو طلائی تمغہ۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کی تشہیری مہم تیز ہوگئی ہے۔ بی جے پی کے سرکردہ قائد وزیر اعظم نریندر مودی نے کل کولہا پور میں مہایوتی کے کولہا پور کے امیدوار سنجے منڈلک اور ہات کننگلے حلقہ کے امیدوار دھیریہ شیل مانے کے تشہیری جلسے سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو مستحکم حکومت فراہم کرنے کی حزب اختلاف میں صلاحیت ہی نہیں ہے۔ دفعہ 370، رام مندر کی تعمیر، مسلمانوں کو او بی سی ریز رویشن اور دیگر مختلف موضوعات پر انہوں نے کانگریس اور اس کی حلیف جماعتوں پر شدید نکتہ چینی کی۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ اور شیو سینا رہنما ایکناتھ شندے، بی جے پی رہنما اور نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس، آر پی آئی رہنما اور مرکزی وزیر رام داس آٹھولے سمیت دیگر قائدین نے بھی اس جلسے سے خطاب کیا۔

کانگریس رہنما پرینکا گاندھی نے کل لاتور لوک سبھا حلقے سے مہا وکاس آگھاڑی کے امیدوار ڈاکٹر شیواجی راؤ کاڑگے کی انتخابی تشہیر کے سلسلے میں اودگیر میں ایک جلسے میں شرکت کی۔ اپنی تقریر میں انہوں نے بیروزگاری، مہنگائی، ایندھن کی نرخوں میں اضافے اور دیگر موضوعات پر بی جے پی پر سخت تنقید کی۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ انتخابی بانڈز کے ذریعے فنڈز جمع کرکے بی جے پی نے عوام کے ساتھ دھوکہ دہی کی ہے۔

***** ***** *****

راشٹر وادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی کے سربراہ شرد پوار نے کہا ہے کہ نریندر مودی کی زیر قیادت حکومت نے کسان مخالف فیصلے کرنے کی پالیسی اختیار کر رکھی ہے۔ وہ کل ماڈھا لوک سبھا حلقے سے مہاوکاس آگھاڑی کے امیدوار دھیریہ شیل موہیتے پاٹل کی تشہیر کے سلسلے میں سانگولا میں ایک انتخابی جلسے سے خطاب کر رہے تھے۔ شکر کی برآمدات، ایتھنال سازی پر پابندی اور دیگر نکات کا بھی انہوں نے اپنی تقریر میں ذکر کیا۔

***** ***** *****

سانگلی میں مہایوتی کے امیدوار سنجے پاٹل کی تشہیر کے سلسلے میں نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کل ایک تشہیری جلسے میں شرکت کی۔ بی جے پی رہنما ونود تاوڑے نے کل لاتور میں دانشوروں سے تبادلہ خیال کی مہم کے سلسلے میں ایک اجتماع سے خطاب کیا۔ مہاراشٹر پردیش کانگریس کمیٹی کے نائب صدر حسین دلوائی کی زیر صدارت کل ممبئی میں امبیڈکری طرز فکر رکھنے والے مفکرین، ادیبوں اور دانشوروں کا ایک اجلاس منعقد ہوا۔

***** ***** *****

بزرگ ماہر قانون اُجول نکم کو بی جے پی نے شمال وسطی ممبئی حلقے سے پارٹی امیدوار نامزد کیا ہے۔ اس نشست سے فی الحال بی جے پی کی پونم مہاجن رکن پارلیمان ہیں۔ مہاوکاس آگھاڑی نے اس حلقے سے سابق وزیر و کانگریس رہنما ورشا گائیکواڑ کو امیدواری دے رکھی ہے۔

***** ***** *****

جالنہ لوک سبھا حلقہ انتخاب سے مہایوتی کے امیدوار اور مرکزی وزیر مملکت راؤ صاحب دانوے نے کل راجور میں راجوریشور گنپتی کی پوجا کر کے اپنی تشہیری مہم کا آغاز کیا۔ اور کہا کہ بی جے پی یہ انتخاب ترقی کو موضوع بنا کر لڑ رہی ہے۔

***** ***** *****

لوک سبھا انتخابات کے سلسلے میں انتخابی جائزوں پر مبنی پروگرام ''لوک نرنیہ مہاراشٹراچا'' کے عنوان سے آکاشوانی نے شروع کیا ہے۔ پروگرام کی آج کی قسط میں لاتور اور بیڑ لوک سبھا حلقوں کی انتخابی صورتحال کا جائزہ لیا جائیگا۔ شام سوّا سات بجے آکاشوانی ممبئی سے یہ پروگرام نشر کیا جائیگا۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

پیاز کی برآمد پر عائد پابندی پر مرکزی حکومت نے جزوی طور پر رعایت دی ہے۔ بنگلہ دیش، متحدہ عرب امارات، بھوٹان، بحرین ماریش اور سری لنکا ان چھ ممالک کیلئے 99/ہزار 150 میٹرک ٹن پیاز برآمد کرنے کی اجازت مرکزی حکومت نے دی ہے۔ گذشتہ برس کی بہ نسبت سال 2023-24 میں خریف اور ربیع ہنگام میں پیداوار میں کمی اور بین الاقوامی منڈی میں طلب میں اضافے کے پیش نظر یہ رعایت دیئے جانے کا عندیہ مرکزی حکومت کے جاری کردہ بیان میں دیا گیا ہے۔ ریاست کے وزیر محصول رادھا کرشن وکھے پاٹل نے ذرائع ابلاغ سے گفتگو کرتے ہوئے اس فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔

***** ***** *****

عدالت عظمیٰ جج جسٹس پرسنّ وراڑے نے ترغیب دی ہے کہ نظام عدل کی توقعات پر پورا اترنے کیلئے اس نظام کے ایک حصے کے طور پر نظام کے تئیں پوری طرح پابندر ہیں۔ دھاراشیو ضلع کے عمرگہ میں نوتعمیر شدہ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت کی عمارت کی افتتاحی تقریب سے وہ خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ دستور ہند ہمارے لئے بنیادی صحیفہ ہے اور آئینی قدریں اختیار کرنا ہمارا بنیادی فریضہ ہے۔ ممبئی عدالت عالیہ کے جسٹس ارون پیڈنیکر جسٹس رویندر گھوگے، ڈسٹرکٹ و سیشن جج انجو شینڈے اور دیگر اہم شخصیات اس موقع پر موجود تھیں۔

***** ***** *****

تیر اندازی عالمی کپ مقابلوں میں بھارت کی جیوتی سریکھا وینم آدیتی گوپی چند سوامی اور پرمیت کور نے خواتین کے فائنل میں اٹلی کی ٹیم کو 225 کے مقابلے میں 236 نشانات سے شکست دیکر طلائی تمغہ حاصل کیا۔ شنگھائی میں ہو رہے ان مقابلوں میں ہندوستانی ٹیم کا یہ تیسرا طلائی تمغہ ہے۔ اس سے قبل جیوتی سریکھا وینم اور ابھیشک ورما کی جوڑی نے مسکڈ ڈیلز میں اور ابھیشک ورما پریانش اور پرتھمیش کی مردوں کی ٹیم طلائی تمغہ حاصل کرچکی ہے۔

***** ***** *****

انڈین پریمئر لیگ IPL کرکٹ ٹورنامنٹ میں دہلی میں کل دلّی کیپٹلز اور ممبئی انڈینس کے مابین کھیلے گئے میچ میں دہلی نے ممبئی کو 10 رنوں سے شکست دیدی۔

لکھنو میں کھیلے گئے دوسرے میچ میں راجستھان رائلز نے لکھنو سپر جائنٹس کو 7 وکٹ سے شکست دی۔ ٹورنامنٹ میں آج گجرات ٹائٹنس کا مقابلہ رائل چیلنجرس بنگلورو اور چینئی سوپر کنگز کا مقابلہ سن رائزس حیدرآباد سے ہوگا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کے ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے حکم دیا ہے کہ خریف کی تخم ریزی سے قبل ہی کسانوں کو قرض۔ تخم اور کھادوں کی فراہمی کی منصوبہ بندی کی جائے۔ وہ کل خریف ہنگام سے قبل کے جائزہ اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔ اس ہنگام میں چھترپتی سمبھاجی نگر میں 39 ہزار میٹرک ٹن کھادوں کے ذخیرے کو منظوری دی جا چکی ہے۔

***** ***** *****

احمد نگر ضلع کی مہاتما پھلے زرعی یونیورسٹی راہوری کی اراضی پر آم کی فروخت یونیورسٹی کو 62 لاکھ روپئے سے زیادہ کی آمدنی ہوئی ہے۔ یہ اطلاع یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر پی جی پاٹل نے دی۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع انتخابی افسر دیپا مودھوڑ موونڈ ھے نے انتخابات کے پیش نظر کل بیڑ اور گیورائی اسمبلی حلقوں اور ائے دہی مراکز پر بنیادی سہولتوں اور انتظامات کا معائنہ کی۔ علاوہ ازیں گیورائی نگر پریشد دفتر میں بھی انہوں نے امیدواروں کے تشہیری مواد کی پیشگی اجازت کی کاروائی کا بھی جائزہ لیا۔

***** ***** *****

ناندیڑ سے روانہ ہونے والی حضور صاحب ناندیڑ۔ امرتسر سچکھنڈ ایکسپریس آج صبح ساڑھے نو کی بجائے شام 6 ر بجے روانہ ہوگی۔ اس دوران جالنہ۔ چھپرا ریلوے کی سمت میں ردّ بدل کیا گیا ہے۔ آئندہ یکم مئی تا 7 جون کے دوران یہ گاڑی مانک پور۔ پریاگ راج چوکی کے راستے چلے گی۔

***** ***** *****

گوندیا ضلع کے دیوری تعلقے کے ایک جنگل میں ایک 12 ر سالہ نابالغ لڑکی کے ساتھ اجتماعی جنسی زیادتی اور قتل کے معاملے میں کل پولس نے 4 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔

::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کی تشہیری مہم عروج پر۔

بی جے پی رہنما وزیر اعظم نریندر مودی کا کولہا پور میں، کانگریس قائد پرینکا گاندھی کا اودگیر میں انتخابی جلسوں سے خطاب۔

☆ بزرگ ماہر قانون اجول نکم شمال وسطی ممبئی سے بی جے پی امیدوار نامزد۔

☆ پیاز کی برآمد پر عائد پابندی میں مرکزی حکومت کی جانب سے جزوی رعایت۔

☆ نظام عدل کی توقعات پوری کرنے کے پابند ہیں۔ عدالت عظمیٰ کے جسٹس پرسنّ وراڑے کی ترغیب۔

اور۔۔۔ ☆ تیر اندازی عالمی کپ مقابلوں میں اٹلی کو شکست دیکر ہندوستانی خواتین کی ٹیم کو طلائی تمغہ۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

***** ***** *****